حسنِ ذوق کے علاوہ موصوف کی یہ نظمیں ان کے ملی اور اسلامی جذبہ و ولولہ کی بھی آئینہ دار ہیں اور شعر و شاعری کی ترکیب و ساخت اور اس کے نشو و نما میں گجرات کا بہت نمایاں حصہ رہا ہے اس لئے یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ گجرات کا علاقہ اب بھی اپنی دیرینہ روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہے اور جمال قریشی ایسے ہونہار نوجوان شاعر اس کی سرزمین سے پیدا ہو رہے ہیں کتاب کے شروع میں جناب اعجاز صاحب صدیقی ایڈیٹر شاعر بمبئی اور حبیب الرحمٰن صاحب غزنوی ایڈیٹر آبِ حیات احمد آباد کے قلم سے پیشِ لفظ اور تعارف ہے۔

تنقیداتِ عبدالحق تقطیع خورد ضخامت ۱۵۹ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ؍ دو روپیہ چار آنہ پتہ:۔ مکتبہ چنگاری۔ گلی قاسم جان دہلی

مولوی عبدالحق صاحب سکریٹری انجمن ترقی اردو پاکستان ہماری زبان کے نامور محقق ادیب اور انشا پرداز ہیں رسالہ اردو میں موصوف کے قلم سے وقتاً فوقتاً اردو کتابوں پر جو تبصرے نکلتے رہے ہیں وہ بھی تنقید اور تبصرہ نگاری کے اعتبار سے اپنی ایک مستقل افادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کتاب میں موصوف کے اسی قسم کے ستائیس تبصرے یک جا کر کے شائع کر دئے گئے ہیں۔ اس کے مطالعہ سے بعض کار آمد ادبی معلومات بھی حاصل ہوں گی اور یہ بھی معلوم ہوگا کہ تبصرہ نگاری کے لئے اندازِ بیان اور اسلوبِ ادا کس قدر سنجیدہ اور جچا تلا ہونا چاہئے اور نیز یہ کہ تبصرہ نگار کی نگاہ کتاب کے کن کن پہلوؤں پر ہونی چاہئے۔ تاہم یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ تنقیداتِ عبدالحق کا انتخاب اس سے بہتر بھی ہو سکتا تھا۔ بعض تبصرے مثلاً "روحِ تنقید" "روحِ ادب" "الناظر کا الحاقی مضمون" "ماورا" محض بھرتی کے مضامین ہیں ان میں کوئی خاص افادیت نہیں ہے۔

اردو عربی لغت یہ شہرۂ آفاق اردو عربی لغت مصباح اللغات کے مؤلف کی دوسری کاوش ہے جس میں اردو لفظوں کا عربی میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے طلبۃ العلم کی عام ضرورتیں بڑی حد تک پوری ہو جائیں گی اور مدرسوں کے استادوں کو بھی اس سے قیمتی مدد ملے گی صفحات ۴۸۰ قیمت ۲ روپے